اور اگر یہ خوف ہو بھی تو کیا مضائقہ ہے جبتک ایک ایک مسلمان منصور کی طرح دار و رسن کے لئے تیار نہیں ہو جائیگا پاکستان کا مقصد حاصل نہیں ہو سکتا۔

بیٹے مترجمہ احسان علی شاہ صاحب بی۔ اے آنرز تقطیع خورد ضخامت ۲۹۸ صفحات کتابت وطباعت عمدہ جلد اور گرد پوش خوبصورت ملنے کا پتہ :۔ نرائن دت سہگل اینڈ سنز تاجران کتب لاہور۔

یہ امریکہ کی مشہور ناول نویس خاتون پرل۔ ایس۔ بق۔ کے مشہور ناول سنز (Sons) کا بامحاورہ اور سلیس و رواں اردو ترجمہ ہے۔ موصوفہ نے چین میں طویل قیام کرنے اور وہاں کی زندگی کا عمیق مطالعہ کرنے کے بعد چین کی زندگی سے متعلق ایک ناول "اچھی زمین" لکھا تھا۔ یہ ناول اتنا کامیاب ہوا کہ مصنفہ کو اس پر نوبل پرائز ملا۔ اور اس کا فلم بھی بنایا گیا تھا۔ "بیٹے" اسی اچھی زمین کے فرزندوں کی نہایت درد انگیز داستانِ حیات ہے جس میں چینیوں کی قحط زدہ زندگی، ان کی انتہائی افلاس اور غریبی کی لرزہ فگن تصویریں کھینچی گئی ہیں۔ کتاب ادبی اور سماجی مطالعہ دونوں حیثیتوں سے پڑھنے کے لائق ہے۔

ادبی تاثرات از مرزا قدرت اللہ بیگ صاحب ایم۔ اے تقطیع خورد ضخامت ۱۴۴ صفحات کاغذ اور کتابت وطباعت عمدہ مجلد قیمت درج نہیں پتہ :۔ ادارۂ ادبیات حیدر آباد دکن۔

ڈاکٹر محی الدین صاحب زور قادری حیدر آباد دکن کے مشہور محقق صاحب قلم ہیں۔ اور بیس سے زیادہ کتابیں اب تک تصنیف کر چکے ہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ اردو ادب کا مستقبل شاندار بنانے میں ان کی کوششوں کو بھی بڑا دخل ہوگا۔ زیر تبصرہ کتاب جناب موصوف کے ہی چھوٹے چھوٹے مقدموں اور تبصروں کا مجموعہ ہے جس میں اردو ادب کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ شروع میں جناب مرتب کے قلم سے دس صفحات کا ایک مقدمہ ہے جس میں ڈاکٹر زور صاحب کی ادبی خدمات اور ان کے طرزِ انشاء و تنقید پر گفتگو کی گئی ہے۔ آخر میں اسماء و اعلام کی فہرست